**Series ΣHEFG/C** **Set-4**

**Q.P. Code 30**

Roll No. [ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ]

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

**وقت: ۳ گھنٹے** **کل نمبر: ۸۰**

Time allowed : **3** hours Maximum Marks : **80**

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **9** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوال نامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **9** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

**ہدایات :**

(i) یہ سوال نامہ کل **11** سوالوں پر مشتمل ہے۔

(ii) اس سوال نامے کو دو حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصّہ۔الف، **50** نمبر اور حصّہ۔ب، **30** نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ۔الف، عبارت فہمی شعر فہمی اور درسی کتاب پر مبنی ہے۔

(iv) حصہ۔ب، میں اُردو زبان کی تاریخ سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

**Instructions :**

(i) This Question Paper contains ***11*** questions.

(ii) This Question Paper has divided into ***two*** **Sections – Section A** consists of ***50*** marks and **Section B** consists of ***30*** marks.

(iii) **Section A** is based on Reading & Comprehension and prescribed books.

(iv) **Section B** is based on the History of Urdu Literature.

## Section A

**(Reading & Comprehension and Prescribed books)** ***(50 Marks)***

حصّہ۔الف (عبارت فہمی، شعر فہمی اور درسی کتب)

**1.** درج ذیل درسی نثری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ $5 \times 2 = 10$

(a) ''آٹھ بجے تھے۔ بھلا سردی کے موسم میں کسی کو کیا پڑی تھی کہ گھر کی گرم فضا سے نکل کر باہر کو اُٹھ بھاگے، چنانچہ بس میں ایک عجیب سکون طاری تھا۔ چند لوگ ایک دوسرے سے پرے پرے بیٹھے، دھیرے دھیرے باتیں کرنے میں محو تھے۔

میں نے پہلے عورتوں اور لڑکیوں کا جائزہ لیا۔ تین لڑکیاں تھیں اور دو عورتیں۔ لڑکیاں گوری تھیں۔ دو چوٹیاں، آنکھیں بڑی نہ چھوٹی، باتیں میٹھی نہ پھیکی۔ دوسری عورت کی جانب دیکھا ہرے رام! وہ تو صورت سے بالکل آیا لگی۔ شاید سچ مچ کی آیا ہو۔ خیر اب ایک عورت کا جائزہ لینا باقی تھا۔ وہ میری جانب پیٹھ موڑے بیٹھی تھی۔ اس کے کندھے پر ننھے بچے کا سر ٹکا تھا اور ایک بچی سامنے کی سیٹ پر بیٹھی تھی گویا وہ کم از کم دو

بچوں کی ماں تھی۔ دل پر مایوسی کا جذبہ طاری ہونے لگا۔ بیس پچیس منٹ کا یہ سفر یونہی جائے گا۔ دل بہلاوے کی کوئی حسین صورت دکھائی نہ دے گی۔ کیا یہ سفر جماہیاں لیتے ہی بتانا پڑے گا''۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(ii) بس میں لوگ کیا کر رہے تھے؟

(iii) لڑکیوں کے بارے میں مصنّف نے کیا بتایا ہے؟

(iv) دل پر مایوسی کا جذبہ طاری ہونے کے بعد، مصنّف کیا سوچنے لگا؟

(v) یہ اقتباس اردو ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

## یا

(b) ''سگھ بستی پچاس ساٹھ گھروں کا ایک چھوٹا سا گاؤں تھا جس میں زیادہ تر مسلمان راجپوت اور ارائیں کاشت کار تھے۔ وہاں رحمت اللہ نام کا ایک شخص تھا۔ جس نے اپنی حویلی کا ایک حصّہ ہمیں رہنے کے لیے دے دیا تھا میری تعلیم کا ڈھرّا پھر بدل گیا میں سگھ مدرسے میں قرآن حفظ کر رہا تھا مگر سگھ بستی میں آنے کے بعد ابّا نے مجھے سرکاری اسکول میں داخل کرا دیا۔ سگھ بستی سے ڈیڑھ میل کے فاصلے پر ایک پرانا قصبہ تھا۔ جس کا نام بوڑیا تھا۔ وہاں ایک مڈل اسکول تھا۔ پڑھنے کے لیے میں وہاں جانے لگا۔ مدرسے کے قریب ایک محل نما مکان، محل نما کیا محل ہی تھا۔ کس کا تھا نہیں معلوم۔ بہت سال بعد معلوم ہوا کہ وہ بیربل کا محل تھا۔ قصبہ بوڑیا بھی بہت قدیم بستی معلوم ہوتا تھا۔ جگہ جگہ منہدم مکانات تھے۔ ایسا محسوس ہوتا تھا یہ شہر ضرور کسی قدیم تہذیب کا حصّہ ہے۔ ابھی سال پہلے میں نے اخبار میں پڑھا۔ وہاں کھدائی ہوئی دو تین قبل مسیح کی تہذیب کے آثار ملے''۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(ii) سگھ بستی کے بارے میں بتائیے۔

(iii) مصنّف کی تعلیم کا ڈھرّا کیسے بدل گیا؟

(iv) اس اقتباس میں کتنے علاقوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ان کے نام لکھیے۔

(v) منہدم کے کیا معنی ہیں؟

**2.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ $1\times5=5$

(i) ''خوجی ایک مطالعہ'' کی روشنی میں خوجی کے کردار پر تبصرہ کیجیے؟

(ii) انشائیہ 'مچھر' کے ذریعے انسان کو کیا پیغامات دیے گئے ہیں؟

**3.** درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ $2\times2\frac{1}{2}=5$

(i) افسانہ 'فوٹو گرافر' زندگی کی کس حقیقت پر مبنی ہے ؟

(ii) امر تسر میں موجود جلیانوالہ باغ کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

(iii) جدید شعرا کی مجلس میں غالب کے شعر کا کیا کہہ کر مذاق اُڑایا گیا ؟

(iv) اچھے سفر نامے کی خصوصیات بتایئے؟

**4.** درج ذیل درسی شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس کے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ $5\times2=10$

(a)

زندگی ہے تو بہرحال بسر بھی ہوگی
شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی
پُرسشِ غم کو وہ آئے تو ایک عالم ہوگا
دیدنی کیفیت قلب و جگر بھی ہوگی
منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی
ہوگا افسردہ ستاروں میں کوئی نالہ صبح
غنچہ و گل میں کہیں بادِ سحر بھی ہوگی

(i) درج بالا شعری حصّہ شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) پہلے شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(iii) دوسرے شعر میں لفظ 'وہ' کس کے لیے استعمال کیا گیا ہے؟

(iv) منزلِ عشق پر کیا یاد آئے گا؟

(v) بادِ سحر کن چیزوں میں ہو گی؟

## یا

(b)

ہر حال میں مشیت مجھ کو بنا رہی ہے
میں اس کی قدرتوں کا شاہکار بن رہا ہوں
خود اپنی جنتوں کی تخلیق کر رہا ہوں
خود اپنی زندگی کا معمار بن رہا ہوں
یہ جبر و قدر کی اک منزل ہے درمیانی
مجبور تو ہوں لیکن مختار بن رہا ہوں
یہ راہ وہ ہے جس میں ہر سانس ایک سفر ہے
منزل بھی راستہ ہے لغزش بھی راہ بر ہے

(i) درج بالا اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) پہلے مصرعے میں 'مجھ' کس کے لیے استعمال کیا گیا ہے؟

(iii) 'تخلیق' کے کیا معنی ہیں؟

(iv) 'مجبور تو ہوں لیکں مختار بن رہا ہوں' اس مصرعے کا مطلب بتائیے؟

(v) آخری دو مصرعوں میں 'سفر' 'راستہ' اور 'راہ بر' کسے کہا گیا ہے؟

**5.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ $1 \times 5=5$

(i) نظم کی تعریف لکھیے اور اس کی اقسام کے بارے میں بتائیے۔

(ii) آرزو لکھنوی کی شاعری کے امتیازات کیا ہیں؟

**6.** درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ $2 \times 2\frac{1}{2}=5$

(i) درسی کتاب میں شامل جاں نثار اختر کی غزل کا مطلع لکھیے۔

(ii) 'لوح تربت' کی تعریف لکھیے۔

(iii) نظم 'روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(iv) نظم 'زندگی سے ڈرتے رہو' میں شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

**7.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے۔ $1 \times 4=4$

(i) نرمل ورما کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

(ii) جنرل بری ژالوف کے کردار پر تبصرہ کیجیے۔

**8.** درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ $2 \times 3=6$

(i) کہانی ''کلرک کی موت'' میں چیرویاکوف کی موت کا سبب کیا تھا؟

(ii) افسانہ 'جنم دن' کے مصنّف کی معاشی بدحالی پر روشنی ڈالیے۔

(iii) افسانہ 'جلتی جھاڑی کی روشنی' میں بوڑھے کے کردار کے بارے میں بتائیے۔

(iv) ویکوم محمد بشیر کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

## Section B (History of Urdu Literature) *(30 Marks)*

## حصّہ۔ ب (اُردو زبان وادب کی تاریخ)

**9.** درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ *3×5=15*

(i) اُردو زبان کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(ii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر اظہارِ خیال کیجیے۔

(iii) دبستانِ لکھنؤ اور دبستانِ دہلی کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔

(iv) علی گڑھ تحریک کے مقاصد کیا تھے؟

(v) ترقی پسند تحریک پر ایک نوٹ لکھیے۔

**10.** درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ *2×5=10*

(i) قرۃالعین حیدر کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

(ii) الطاف حسین حالی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(iii) غالب کی مکتوب نگاری کی خصوصیات بتائیے۔

**11.** درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ *5×1=5*

(i) علامہ اقبال کس سال میں پیدا ہوئے؟

(a) 1877

(b) 1888

(c) 1898

(d) 1868

(ii) ایک ہی نشست میں پڑھی جانے والی صنف کا نام کیا ہے؟

(a) سفر نامہ

(b) آپ بیتی

(c) مختصر افسانہ

(d) ڈرامہ

(iii) 'روشنائی' کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(a) اقبال

(b) سجاد ظہیر

(c) حالی

(d) غالب

(iv) "Elegy Written in a Country Churchyard" کا ترجمہ اُردو میں کس نام سے کیا گیا ہے؟

(a) زرد پتّوں کی بہار

(b) گورِ غریباں

(c) ارتقا

(d) روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے۔

(v) ن۔م۔راشد کا پورا نام کیا ہے؟

(a) نذر محمد راشد

(b) نظر محمد راشد

(c) نضر محمد راشد

(d) نثر محمد راشد